# 26-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ ہر گھر میں بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کا نظام قائم کیا جائے اور پانی کے ضائع ہونے کو مکمل طور پر روکا جائے۔من کی بات کے 136ویں ایڈیشن میں آج ملک کے عوام سے وزیراعظم کا خطاب۔

۲۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ تلنگانہ کے دستکاروں کی 'لوکل فار ووکل' مہم کے تحت تیار کی جانے والی اکت دستکاری مصنوعات قابل ستائش۔

۳۔وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ ایل نینو کے اثرات سے پیدا ہونے والے چیلنجز کا مقابلہ سائنسی طریقہ کار اور شعور بیداری کے ذریعہ کرنا ہی ریاستی حکومت کا مقصد۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات کے مطابق شمال مغربی خلیجِ بنگال میں بنے ہوئے ہوا کے کم دباؤ کے علاقہ کے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شدت اختیار کرنے کا امکان۔

## Mann Ki Baat

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہر شہید جوان کی قوم ہمیشہ مقروض رہے گی۔انہوں نے من کی بات کے 136ویں ایڈیشن کے ذریعے عوام سے خطاب کیا۔کارگل وجے دیوس کے موقع پر وزیرِ اعظم نے شہید فوجیوں کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ کارگل جنگ صرف ایک فوجی کامیابی نہیں بلکہ بھارت کے اتحاد، جرات اور غیر متزلزل عزم کی علامت ہے۔وزیرِاعظم

نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ کارگل کے جانبازوں کی قربانیوں سے واقف ہوں اور ملک کی خدمت کے جذبہ کو مزید مضبوط بنائیں۔

Byte-1

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سرکاری اسکیمات کی کامیابی کے لئے عوامی شراکت نہایت اہم ہے۔انہوں نے صاف صفائی، ماحولیات کے تحفظ، شجر کاری، پلاسٹک سے پاک بھارت اور سماجی خدمات جیسی مہم میں ہر شہری سے بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی اپیل کی۔اس موقع پر انہوں نے ریاست بہار کے ضلع سیتامڑھی کی ایک قابلِ ذکر پہل کا ذکر کیا جہاں پلاسٹک کے فضلے کو دوبارہ قابلِ استعمال بنا کر خوبصورت بنچ تیار کئے جا رہے ہیں۔

Byte2

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آتم نربھر بھارت اور میک اِن انڈیا جیسے اقدامات کے ذریعہ ملک میں دفاعی شعبہ میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب بھارت دفاعی ساز وسامان کے لئے بیرونی ممالک پر انحصار کرتا تھا،لیکن آج ملک دفاعی آلات برآمد کرنے کی صلاحیت حاصل کر چکا ہے۔انہوں نے بتایا کہ جنگی بحری جہاز، میزائل اور راڈار نظام جیسے جدید دفاعی آلات اب ملک میں ہی تیار کئے جا رہے ہیں۔

Byte3

وزیرِ اعظم نے عوام سے اپیل کی کہ ہر گھر میں بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کا نظام قائم کیا جائے جبکہ دیہاتوں میں تالابوں، کنوؤں اور آبی ذخائر کی بحالی کو یقینی بنایا جائے تاکہ پانی کے ضائع ہونے کو مکمل طور پر روکا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ بارش کے ہر قطرے کو محفوظ بنانے کے لئے

’کیچ دی رین‘ مہم کوعوامی تحریک کے طور پر آگے بڑھایا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عوامی شراکت داری کے ذریعہ ہی آبی تحفظ اور پانی کے وسائل کا موثر تحفظ ممکن ہے۔اس موقع پر انہوں نے مدھیہ پردیش کے ضلع سدھی میں تالابوں کی تعمیر کے کامیاب منصوبہ کا بھی ذکر کیا۔

Byte4

وزیرِ اعظم نے کہا کہ’لوکل فار ووکل‘ کے جذبہ کے تحت مقامی فنکاروں اور ہنرمندوں کی صلاحیتوں کوفروغ دے کر غیرمعمولی کامیابیاں حاصل کی جاسکتی ہیں۔انہوں نے تلنگانہ کے پوچم پلی کے ہینڈلوم دستکاروں کی مشہوراکت (Ikkat) دستکاری کی خصوصی طور پر ستائش کی۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے ملک کے مختلف حصوں میں کام کرنے والے ہینڈلوم دستکاروں کی مہارت اورفن کا بھی بھرپوراعتراف کیا۔

Byte-5

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ صحت مند بھارت کی تعمیر میں کھیلوں کا کردارنہایت اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ اسکول کی سطح سے ہی کھیلوں کے فروغ کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیئے تاکہ نوجوانوں میں کھیلوں کا جذبہ پیدا ہو۔وزیرِاعظم نے امید ظاہر کی کہ’فٹ انڈیا‘ مہم کے تحت کھلاڑی مزید جوش وجذبہ کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔اس موقع پرانہوں نے حالیہ عرصہ میں مختلف کھیلوں میں ہندوستانی کھلاڑیوں کی نمایاں کامیابیوں کا بھی ذکرکیا۔

Byte-6

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کے خلائی شعبہ میں وکرم 1 کا کامیاب تجربہ ایک سنگِ میل ہے۔انہوں نے کہا کہ خانگی شعبہ کی جانب سے تیار اور لانچ کیا جانے والا یہ پہلا راکٹ ہے جس نے نئی تاریخ رقم کی ہے۔وزیرِ اعظم نے مزید کہا کہ یہ کامیابی نوجوان اختراع کاروں اور سائنس دانوں کی صلاحیت،عزم اور مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

Byte-7

Sajjanar

حیدرآباد کے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے خبردار کیا ہے کہ اندراماں مکانات کے نام پر سائبر دھوکہ دہی کے واقعات پیش آسکتے ہیں لہٰذا عوام اس سلسلہ میں پوری طرح چوکس رہیں۔انہوں نے کہا کہ نامعلوم لنکس ،فرضی فون کالس اور فرضی ویب سائٹس سے محتاط رہنا ضروری ہے۔ پولیس کمشنر نے عوام کو مشورہ دیا کہ ایسے فون کالس پر ہرگز یقین نہ کریں جن میں رقم کے عوض گھر فراہم کرنے کا دعویٰ کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ سائبر دھوکہ دہی کی صورت میں فوری طور پر ہیلپ لائن نمبر 1930 پر رابطہ کیا جائے۔

Desk

Thummala

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت کا مقصد ایل نینو کی وجہ سے درپیش چیلنجز سے سائنسی حکمت عملی اور جدید زرعی معلومات کے ذریعہ نمٹنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں معمول سے کم بارش کا امکان ہے اس لئے کسان موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے فصلوں کے انتخاب میں احتیاط برتیں۔وزیرِ زراعت نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ دھان

کے بجائے ارہر، مونگ، اُڑد، جوار، سبزیوں اور باغبانی کی فصلوں کی کاشت پر توجہ دیں۔انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت نے بیج اور کھاد کی قلت سے محفوظ رہنے کیلئے قبل از وقت انتظامات کئے ہیں اور ضرورت پڑنے پر اضافی بیج بھی فراہم کئے جائیں گے۔

Desk

Railway Station

ضلع سدی پیٹ میں واقع مقدس مقام کوموراویلی ریلوے اسٹیشن کا آج مرکزی وزراء جی کشن ریڈی اور بنڈی سنجے کمار کریں گے۔کوموراویلی ملنا مندر آنے والے یاتریوں کی سہولت کے لئے حال ہی میں منوہرآباد۔سدی پیٹ نئی ریلوے لائن پر یہ ریلوے اسٹیشن قائم کیا گیا ہے۔تقریباً 6 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے اس ریلوے اسٹیشن میں ہائی لیول پلیٹ فارم، مسافروں کے انتظار کے لئے ویٹنگ ہال، پینے کے پانی کی سہولت اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔افتتاحی تقریب کے موقع پر مرکزی وزراء اور ریلوے حکام سدی پیٹ۔سکندرآباد ڈیمو ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

PTC - Siddipet

Bonalu Celebrations at Praja Bhavan

نائب وزیرِ اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ بونال تہوار سماجی ہم آہنگی اور متحدہ طرزِ زندگی کی بہترین مثال ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ تہوار تلنگانہ کی دیہی ثقافت اور روایتی ورثہ کی علامت ہے۔ڈپٹی چیف منسٹر نے پرجا بھون میں منعقدہ نلاپو چماں بونال کی تقریب میں شرکت کی۔اس موقع پر ریاستی وزراء کونڈا سریکھا، سیتا اکا، پونم پربھاکر اور وی سری ہری بھی موجود تھے۔تمام نے اماں واری کی خصوصی پوجا کی۔

PTC - Hyderabad

SIR

حیدرآباد کے صنعت نگر اسمبلی حلقہ میں ضلع الیکشن آفیسر و جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن نے آج دورہ کرتے ہوئے بنیادی سطح سے صورحال کا جائزہ لیا۔ اسپیشل اِنٹینسیو ریویژن مہم کے تحت انہوں نے متعدد پولنگ مراکز کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ووٹر اندراج کے لئے جمع کئے جانے والے اینومریشن فارمس اوران کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بی ایل اوز کو ہدایت دی کہ کسی بھی قسم کی غلطی سے پاک ووٹر فہرست تیار کی جائے۔ آر وی کرنن نے اہل افراد سے اپیل کی کہ وہ اپنے اینومریشن فارم مقررہ وقت پر جمع کرائیں تاکہ ووٹر فہرست کی نظرثانی کا عمل بروقت مکمل کیا جاسکے۔

PTC - Hyderabad

Kargil Vijay Diwas

کارگل وجے دیوس کے موقع پر آج ریاست کے مختلف اضلاع میں ریالیاں نکالی گئیں۔ ضلع آصف آباد میں مختلف کالجس اور اسکولس کے طلبہ نے کارگل کے شہداء کوخراجِ عقیدت پیش کیا۔ محبوب آباد میں سابق فوجیوں کی فلاحی تنظیم کے زیرِ اہتمام ایک عظیم الشان ریالی نکالی گئی جس میں شرکاء نے قومی پرچم اٹھا کر شہید جوانوں کوخراج پیش کیا۔ اس موقع پر رکن اسمبلی مرلی نائک موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامیت اور اتحاد کے تحفظ کے لئے ہر شہری کو اپنی ذمہ داری نبھانی چاہیے۔ منچریال میں منعقدہ کارگل وجے دیوس ریالی میں رکنِ اسمبلی پریم ساگر راؤ نے شرکت کی اور قومی پرچم لہرایا۔

PTC – Asifabad, Mahabubabad, Mancherial

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق شمال مغربی خلیجِ بنگال میں بنا ہوا کے کم دباؤ کا علاقہ مزید مضبوط ہو گیا ہے۔محکمہ کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اس کے شدید دباؤ میں تبدیل ہونے اور پیرادیپ اور ساگر جزیرہ کے درمیان ساحل سے ٹکرانے کا امکان ہے۔اس کے اثرات کی وجہ سے آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے متعدد اضلاع میں ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

PN

Mann Ki Baat Reaction

وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کو سننے کے بعد بعض افراد نے آکاش وانی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Byte.

OO